تحفہ اور بے مثیل سوغات ہے۔

ماہنامہ : ''القاسم ''خالق آباد نوشہرہ زیر سرپرستی : مولانا عبدالقیوم حقانی

خصوصی اشاعت مولانا مفتی کفایت اللہؒ نمبر۔

شائع شدہ ۲۳ فروری ۱۹۵۳ء الجمعیۃ دہلی ''جدید اضافوں کیساتھ''

ضخامت : ۲۳۲ قیمت : درج نہیں

ملنے کا پتہ : ماہنامہ القاسم' جامعہ ابو ہریرہؓ خالق آباد نوشہرہ صوبہ سرحد

ابو حنیفہ وقت مفتی ہند حضرت مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحب قدس سرہ کی ملی و دینی خدمات اور استخلاص وطن کے لئے ان کی جدو جہد اور مجاہدانہ کارناموں سے ایک عالم واقف ہے اور تاریخ کے صفحات پر آپکا نام ہمیشہ کے لئے درخشاں طور پر تابندہ رہے گا۔ آپ کا سانحہ ارتحال ۳۱ دسمبر ۱۹۵۲ء کو پیش آیا اور جمعیت علماٗ ہند کے ترجمان اخبار الجمعیۃ نے حسب معمول اور اپنی روایت کے مطابق آپ کے کارہائے نمایاں پر ایک خصوصی نمبر نکالا۔ جو کہ بہت ہی جلد ناپید ہو گیا۔ اسی طرح آپ کے فرزند مولانا حفیظ الرحمان واصف نے بھی مفتی اعظم نمبر اور دیگر رسائل و جرائد سے آپ کے متعلق لکھے گئے مضامین یکجا کر کے ایک تاریخی دستاویز مرتب کی اور مفتی اعظم کی یاد کے عنوان سے وہ مجموعہ شائع کیا۔ بعد ازاں حضرت مولانا سید اسعد مدنی مدظلہ کی خواہش پر جدید ضافوں اور نئی ترتیب کے ساتھ ہفت روزہ الجمعیۃ دہلی نے یہ نمبر نکالا۔ اور اپنی افادیت کے پیش نظر بہت جلد یہ خصوصی اشاعت خواص و عوام کی توجہ کا مرکز بن گئی۔ بہر حال اب یہ تاریخی دستاویز عظیم علمی و تحقیقی خزینہ ادبی فن پارہ اور ایک نادر گنج گرانمایہ جس سے پاکستان کے اکثر تعلیم یافتہ حضرات ناواقف تھے اور ضرورت اس بات کی تھی کوئی ادارہ اسے دوبارہ شائع کرنے کا اہتمام کرے چنانچہ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے اپنی زیر ادارت نکلنے والے ماہنامہ ''القاسم'' کی جلد نمبر ۴ کے شمارہ نمبر ۹ تا ۱۱ کو اس نمبر کیلئے وقف کیا۔ اور انتہائی قلیل وقت میں اس کا پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا ۔ اب ادارہ نے اسکو دوبارہ چھپوایا ہے ۔

الغرض یہ عظیم تاریخی دستاویز اور تحقیقی نمبر ارباب ذوق اور سیرت و سوانح سے دلچسپی رکھنے والوں کو دعوت مطالعہ دے رہا ہے۔